
PAKISTAN
MERCANTILE
EXCHANGE
PMEX
لال مرچ
کی
تجارت
آپ کے تمام سوالات کے جوابات!
UAN: +92-21-111-623-623 | Web: www.pmex.com.pk

## لال مرچ کی ٹریڈنگ سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات

۱) پی ایم ای ایکس پر لال مرچ کی کونسی اقسام کی ٹریڈنگ کی جاتی ہے؟

پی ایم ای ایکس پر لال مرچ کی دو اقسام لونگی/ڈنڈی کٹ اور ہائبرڈ کی ٹریڈنگ کی جاتی ہے۔

۲) لال مرچ کے کتنے کنٹریکس ایکسچینج پر درج ہیں؟

پی ایم ای ایکس پر لال مرچ کی لونگی/ڈنڈی کٹ قسم کے تین اور ہائبرڈ کے نو کنٹریکٹس درج ہیں۔ لونگی/ڈنڈی کٹ کے کنٹریکٹس معیار کے مطابق ہیں جن کو اے پلس، اے اور بی کا نام دیا گیا ہے۔ ہائبرڈ لمبائی کے مطابق تین گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر ایک گروپ کو معیار کے مطابق مزید تین کنٹریکٹس میں تقسیم کیا گیا ہے اس طرح لال مرچ کے کل 12 کنٹریکٹس درج ہیں۔

۳) پی ایم ای ایکس پر لال مرچ کی ٹریڈنگ میں حصہ لینے کا کیا طریقہ ہے؟

چاہے آپ لال مرچ فروخت کرنا یا خریدنا چاہتے ہوں اس کے لئے ضروری ہے کہ پی ایم ای ایکس کے نامزد بروکر کے پاس آپ کا اکاؤنٹ ہو۔ بیچنے والے کا بروکر معیار کی تصدیق کے بعد مطلوبہ مقدار اور طلب کی جانے والی قیمت کا پی ایم ای ایکس پر اندراج کرے

گا۔اسی طرح خریدار کا بروکر خریدی جانے والی لال مرچ کی مقدار اور قیمت کا اندراج کرے گا۔ جب دونوں قیمتیں ایک سطح پر آجائیں گی تو ٹریڈ مکمل ہو جائے گی جس کی اطلاع بیچنے والے اور خریدنے والے کو ایس ایم ایس کے ذریعے موبائل فون پر دی جائے گی۔

۴) پی ایم ای ایکس پر لال مرچ کی ٹریڈنگ کے اوقات کیا ہیں؟

ایکسچینج پر لال مرچ کی ٹریڈنگ کے اوقات صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک پیر تا ہفتہ ہیں۔

۵) کیا بروکر کے پاس اکاؤنٹ کھلوانے کے لئے میرا کسی بنک میں اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے؟

جی ہاں ایکسچینج میں تمام ادائیگیاں اور وصولیاں بذریعہ بنک کی جاتی ہیں اس لئے آپ کا کسی بنک میں اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے۔آپ اپنا اکاؤنٹ اس بنک میں کھولیں جس میں آپ کے بروکر کا اکاؤنٹ ہے تو زیادہ بہتر ہوگا۔اس سہولت کی موجودگی سے آپ کو بروکر کو رقم منتقل کرنے اور وصول کرنے میں آسانی ہوگی اور وقت بھی کم لگے گا۔ اگر آپ خریدار ہیں تو بروکر کے پاس اپنا اکاؤنٹ کھل جانے کے بعد بروکر کے اکاؤنٹ میں رقم منتقل کریں اور ٹریڈنگ شروع کر دیں۔آپ لال مرچ کی اتنی ہی مقدار کی خریداری کر سکتے ہیں جتنی آپ کی رقم بروکر کے پاس موجود ہوگی۔

۶) میں بروکر کے پاس اپنا اکاؤنٹ کیسے کھول سکتا ہوں؟

اگر آپ بروکر کے پاس اکاؤنٹ کھولنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے ہماری ویب سائیٹ www.pmex.com.pk کو وزٹ کریں جہاں نامزد بروکرز کے نام ٹیلیفون نمبرز اور ای میل ایڈریسز دستیاب ہیں۔ ان میں سے کسی ایک بروکر کو منتخب کریں اور اس سے رابطہ کریں وہ اکاؤنٹ کھولنے کا طریقہ آپ کو بتا دے گا اس پر عمل کریں یا آپ تفصیلات حاصل کرنے کے لئے ہمارے کسٹمر سپورٹ سروسز کے نمائندہ سے 0300-8213324 اور 0321-8756623 پر رابطہ کریں۔

۷) کیا پی ایم ای ایکس پر لال مرچ فروخت کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کاشتکار اپنی لال مرچ نامزد گودام میں جمع کرائے؟

کاشتکار کو دو متبادل فراہم کئے گئے ہیں: (۱) وہ اپنی لال مرچ نامزد کردہ گودام پر لائے، معیار کا تصدیق سرٹیفکٹ حاصل کرے اور رسید حاصل کر کے پی ایم ایکس پر فروخت کے لئے پیش کر دے یا (۲) لال مرچ کا تصدیقی سرٹیفیکٹ حاصل کر کے اپنے کھیت یا گودام میں مال رکھ لے اور پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹم میں اس کا اندراج کرا کے فروخت کے لئے پیش کر دے۔

۸) لال مرچ کے گودام کہاں کہاں موجود ہیں؟

لال مرچ کا گودام کنری میں ہے اس کا مکمل پتہ یہ ہے:
ایف ایف سی کے گودام سے متصل پٹرول پمپ کے ساتھ، بستان روڈ، کنری، ضلع عمر کوٹ۔

۹) لال مرچ کے گودام کے اوقات کار کیا ہیں؟

گودام کے اوقات کار صبح 9 بجے سے شام 3 بجے تک پیر تا ہفتہ ہیں۔

۱۰) میں کتنے عرصہ تک اپنی لال مرچ پی ایم ای ایکس کے نامزد گودام میں رکھ سکتا ہوں؟

چاہے آپ لال مرچ بیچنا چاہتے ہوں یا آپ نے لال مرچ خریدی ہو تو جمع کرانے/خریدنے کے 24 گھنٹے تک آپ سے گودام میں رکھنے کی کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔ اس مدت کے اختتام پر بھی آپ جتنا وقت چاہیں گودام میں اپنی لال مرچ رکھ سکتے ہیں جس کی فیس آپکو گودام کی انتظامیہ کو ادا کرنا پڑے گی۔

۱۱) کونسا ادارہ معیار کی تصدیق کا سرٹیفکٹ جاری کرتا ہے؟

دنیا بھر میں جانا پہچانا نام ایس جی ایس پاکستان لال مرچ کے معیار کی تصدیق کرتا ہے جو مقدار کی ٹیسٹنگ کے بعد جاری کیا جاتا ہے۔ اسی سرٹیفکٹ کی بنیاد پر مال پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹم میں شامل کیا جاتا ہے۔

۱۲) معیار کا تصدیقی سرٹیفکٹ حاصل کرنے کے لئے کتنا وقت درکار ہوتا ہے؟

فصل تیار ہونے کی تصدیق پی اے سی کا نمائندہ کرتا ہے. جس کے بعد یا تو کاشکار اپنی فصل گودام پر لائے گا جہاں اس کے معیار کی تصدیق کی جائے گی یا پھر ایس جی ایس کا نمائندہ کھیت پر ذخیرہ کی گئی لال مرچ کے معیار کی تصدیق کر دے گا۔ اس عمل میں 2 سے 4 گھنٹے لگتے ہیں۔ معیار کے تصدیقی سرٹیفکٹ کے بغیر لال مرچ پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر فروخت کے لئے پیش نہیں کی جاسکتی۔

۱۳) کیا کوئی ادارہ کھیت پر بھی تکنیکی مشاورت فراہم کرتا ہے؟

پاکستان ایگری کلچر کولیش (پی اے سی) کھیت پر مشاورت فراہم کرتا ہے۔ کاشت سے لیکر کٹائی تک فصل کی مؤثر دیکھ بھال کے لئے مشورے دیتا ہے۔ اس کا نمائندہ یہ بھی بتاتا ہے کہ کب فصل فروخت کے لئے تیار ہو جاتی ہے۔ اس ادارہ سے رابطہ کے لئے
فون نمبر 0333-3141565 اور 0346-2728221 پر بات کریں۔ ملاقات کے لئے ان کا نمائندہ کھیت پر آجائے گا۔

۱۴) میں پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ سسٹم میں اپنی پسند کی قیمت کس طرح لگا سکتا ہوں؟

چاہے آپ لال مرچ فروخت کرنا چاہتے ہوں یا خریدنا چاہتے ہوں آپ کا اکاؤنٹ بروکر کے پاس ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ اپنی مرچ فروخت کرنا چاہتے ہیں تو بروکر کے ذریعہ قیمت لگائیں۔ آپ براہ راست بھی ٹریڈنگ میں حصہ لے سکتے ہیں اگر بروکر سے اکاؤنٹ کھولتے وقت آئی ڈی اور پاس ورڈ حاصل کر چکے ہیں۔ خریدار کو بھی اسی طریقہ پر عمل کرنا ہوگا۔

۱۵) پی ایم ای ایکس کے ذریعے لال مرچ کی خرید وفروخت سے کیا فوائد حاصل ہوں گے؟

کاشتکار

- تکنیکی مشاورت
- فروخت سے پہلے معیار کی تصدیق
- حاصل ہونے والی قیمت کا تخمینہ
- فروخت کے بعد رقم کی جلد وصولی
- مارکیٹ میں براہ راست فروخت کی سہولت
- اگر قیمت مناسب نہ ہو تو محفوظ گودام میں ذخیرہ کر
- کے قرض لینے کی سہولت
- کاروبار کرنے کے اخراجات میں کمی
- کھیت پر معیار کی تصدیق کی سہولت

خریدار

- کاشتکار سے براہ راست خریداری
- تصدیق شدہ معیار کی حصولی
- ضیاع سے بچاؤ
- بین الاقوامی معیار کی مرچ کا حصول
- کاروبار کرنے کے اخراجات میں کمی
- شفاف طریقہ سے بہترین قیمت پر خریداری

۱۶) میں لال مرچ کی ٹریڈنگ سے متعلقہ معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

ایکسچینج پر لال مرچ کے ٹریڈنگ کے بارے میں معلومات انویسٹر ٹریڈنگ گائیڈ لائنز میں دی گئی ہیں ان کو جاننے کے لئے ہماری ویب سائیٹ www.pmex.com.pk وزٹ کریں۔ آپ کی مزید سہولت کے لئے یہ تفصیلات اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے ساتھ بھی منسلک کی جارہی ہیں ان کو پڑھیں اور بھرپور طریقہ سے استفادہ حاصل کریں۔

۱۷) کیا میں اپنی لال مرچ کے عوض بنکوں سے قرضہ حاصل کرسکتا ہوں؟

جی ہاں.اس سلسلہ میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے ہمارے کسٹمر سپورٹ سروسز کے نمائندے سے بات کریں۔

## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم اِی ایکس) PMEX پر کس طرح ٹریڈنگ کی جاسکتی ہے؟

### اکاؤنٹ کھولنے کا طریقہ

۱۔ پی ایم اِی ایکس کے کسی بھی رجسٹرڈ بروکر سے رابطہ کریں۔

۲۔ پی ایم اِی ایکس کے رجسٹرڈ بروکرز کی فہرست www.pmex.com.pk پر دستیاب ہے بصورتِ دیگر آپ پی ایم اِی ایکس کے فون نمبر 63-623-111-21-92 ایکسٹینشن 225 اور 226 یا 324-8213-300 -92 اور 321-8756623 -92 پر ہمارے کسٹمر سپورٹ کے نمائندے سے مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

۳۔ پی ایم اِی ایکس میں اکاؤنٹ کھولنے کے لیے بروکر آپ کو اکاؤنٹ کھولنے کا فارم اور رسک ڈسکلوژر کی دستاویز فراہم کرے گا۔

۴۔ پی ایم اِی ایکس کی فراہم کردہ دونوں دستاویزات کو احتیاط سے پڑھیں۔

۵۔ اکاؤنٹ کھولنے کے فارم اور رسک ڈسکلوژر فارم کو بھرنے اور دستخط کرنے کے بعد بروکر کے پاس جمع کرادیں۔

۶۔ تمام مطلوبہ معلومات کی فراہمی کے بعد بروکر آپ کا اکاؤنٹ پی ایم اِی ایکس میں کھول دے گا۔

۷۔ پی ایم اِی ایکس کا ٹریڈنگ سسٹم آپ کا لاگ اِن آئی ڈی اور پاس ورڈ تیار کرکے آپ کے رجسٹرڈ اِی میل ایڈریس پر بھیج دے گا۔ اگر آپ کا کوئی اِی میل ایڈریس نہیں ہے تو اس کا ذکر اکاؤنٹ کھولنے کے فارم پر ضرور کریں اور اپنے بروکر کو اجازت دیں کہ آپ کو بھیجی جانے والی اِی میلز وصول کرے۔

۸۔ اگر آپ ضرورت محسوس کرتے ہیں تو پی ایم اِی ایکس کو ٹریڈنگ کی تربیت حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

۹۔ ٹریڈنگ شروع کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل دو باتوں کو یقینی بنائیں:

- لال مرچ خریدنے کے لیے: پی ایم اِی ایکس کے سسٹم میں رقم موجود ہے، یعنی آپ نے آرڈر دینے سے قبل بروکر کے پاس رقم جمع کرادی ہے۔
- لال مرچ بیچنے کے لیے: لال مرچ کی مقدار پی ایم اِی ایکس کے سسٹم میں آرڈر دینے سے قبل جمع کرادی گئی ہے۔

۱۰۔ لال مرچ خریدنے سے قبل اپنے بروکر کے پاس رقم جمع کرادیں (صرف خریدار کے لیے)

۱۱۔ بروکر پی ایم اِی ایکس کے متعلقہ اکاؤنٹ میں رقم ٹرانسفر کرے گا جو مطلوبہ ٹریڈنگ اکاؤنٹ میں مختص کردی جائے گی۔

۱۲۔ رقم مختص ہونے کے بعد پی ایم اِی ایکس آپ کو تصدیقی پیغام آپ کے رجسٹرڈ موبائل فون نمبر پر بھیج دے گا۔
(آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بروکر آپ کے لیے یہ سہولت ضرور حاصل کرے)

اہم معلومات:

پی ایم اِی ایکس میں بروکر کے ذریعے جمع کردہ رقم ٹریڈنگ میں استعمال کی جائے گی اور اس کو واپس بھی حاصل کیا جاسکتا ہے بشرطِ آپ کی کوئی اوپن پوزیشن نہ ہوں۔

### مارکیٹ کے اوقاتِ کار

- پی ایم اِی ایکس سسٹم کے ذریعے ٹریڈنگ کے مقرر کردہ اوقات صبح 9 بجے سے شام ۶ بجے تک ہوں گے۔
- پی ایم اِی ایکس کے مقرر کردہ گودام میں لال مرچ جمع کرانے کا آخری وقت سہ پہر ۳ بجے تک ہوگا۔

### ٹریڈنگ کا طریقہ کار

۱۔ بیچنے والا اپنی لال مرچ پی ایم اِی ایکس کے مقرر کردہ گودام یعنی ایجلیٹی (کلیکشن پوائنٹ) تک لے جائے گا۔
پی ایم اِی ایکس کے مقرر کردہ گودام کا پتہ درج ذیل ہے:
بستان روڈ متصل ایف ایف سی گودام بلمقابل شیل پیٹرول پمپ، کنری، ضلع عمرکوٹ، پاکستان۔

۲۔ گودام تک لائی جانے والی مرچ کے معیار کی تصدیق کے لیے ٹیسٹ کیا جائے گا جس کے لیے تقریباً تین گھنٹے درکار ہوں گے۔
(ایک گھنٹہ نمونہ حاصل کرنے کے لیے اور دو گھنٹے ٹیسٹنگ کے لیے)

۳۔ ٹیسٹنگ کے بعد معیار کی تصدیق کے بارے میں سرٹیفکیٹ اور گودام میں لال مرچ جمع کرانے کی رسید بیچنے والے کو جاری کردی جائے گی۔

۴۔ پی ایم اِی ایکس کے سسٹم میں لال مرچ بیچنے والے کی مطلوبہ قیمت پر فروخت کے لیے دستیاب کردی جائے گی۔

۵۔ خریداری مکمل کرنے کے لیے بیچنے والا/ خریدار آرڈر لگائے گا۔

۶۔ ٹریڈ مکمل ہو جانے کے بعد بیچنے والے / خریدار کو ایک تصدیقی پیغام رجسٹرڈ موبائل فون نمبر پر بھیج دیا جائے گا۔

۷۔ ٹریڈ مکمل ہو جانے کے بعد خریدار لال مرچ حاصل کرنے اور بیچنے والا رقم نکالنے کی درخواست دے گا جس کی آخری حد شام ۶ بجے ہے۔

اہم معلومات

- ٹریڈنگ کے دن پیر سے اتوار (علاوہ جمعہ) ہوں گے۔
- اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت ہفتہ اور اتوار کے علاوہ تمام دن میسر ہوگی۔
- اکاؤنٹ ایکٹیویٹ کرنے کے لیے کم از کم 48 گھنٹے درکار ہوں گے۔
- وقت اور محنت بچانے کے لیے پاکستان ایگری کلچر کولیشن (پی اے سی) کی نمائندہ ٹیم کنری فیلڈ میں موجود ہوگی، جو کلیکشن پوائنٹ پر مال لانے سے پہلے معیار کی ابتدائی تصدیق میں مدد فراہم کرے گی۔
- ٹیسٹنگ کے بعد بیچنے والا اپنا مال گودام میں زیادہ سے زیادہ 24 گھنٹے رکھ سکے گا، اس مدت کے گزر جانے کے بعد اس سے فیس لی جائے گی۔ تاہم فیس کی ادائیگی / وصولی پی ایم اِی ایکس سسٹم پر نہیں کی جائے گی۔
- اسی طرح اگر خریدار مال مقرر کردہ اوقات سے زیادہ مدت کے لیے رکھنا چاہے تو اس کو فیس ادا کرنا پڑے گی۔ تاہم فیس کی ادائیگی / وصولی پی ایم اِی ایکس سسٹم کے ذریعے نہیں کی جائے گی۔
- خریدار / بیچنے والے مال کی ترسیل کے لیے انجیلیٹی سے رجوع کر سکتے ہیں۔